ilmkidunya

Tarjuma Tul Quran Majeed - ICom Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 11 Short Questions Test

Q1. سورۃ البقرہ کے مطالعے کے دو علمی اور عملی نکات تحریر کریں-

Ans 1: 1- ایمان کا اظہار عمل س ہوتا ہے جس میں اولین عمل نماز ادا کرنا ہے. 2- اللہ تعالی کے حکم کی خلاف ورزی اور تکبر کرنا شیطانی طرز عمل ہے.

Q2. سورۃ التوبہ کو سورۃ البراءۃ کیوں کہا جاتاہے.

Ans 1: سورۃ البرءۃ اس لیے کہا جاتا ہے کہ براءت کےمعنی کسی سے بری، بے زار، قطع تعلق اور دست بردار ہونا ہے. اس سورت کے شروع ہی میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے بری الزمہ ہونے کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم انبین مشرکین سے بے نیاز اور قطع تعلق ہیں-

---

Q3. لفظ کے معنی تحریر کریں- الحی - سنۃ - بین ایدیھم - لایحیطون - الربوا- و ان تبدوا- کل

Ans 1: الحی - زندہ - سنتہ - اونگھ - بین ایدیھم- ان کے سامنے - لایحیطون- وہ احاطہ نہیں کرسکتے- الربوا- سود و ان تبدوا- اور اگر تم ظاہر کرو- کل - سب کے سب

Q4. سورۃ التوبہ میں کس طرز کو منافقانہ طرز عمل قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: منافقین کی مذمت کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی سازشیں اور منافقانہ حرکتیں بھی بے نقاب کی گئی ہیں-

---

Q5. ایتہ الکرسی کی فضیلت تحریر کریں-

Ans 1: ایتہ الکرسی کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیتہ الکرسی پڑھتا ہے اسے جنت میں داخل ہونے سے صرف موت ہی روکے رکھتی ہے. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین ہے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر جانے لگو تو آیتہ الکرس پڑھ لیا کرو، صبح تک اللہ تعالی کی طرف سے تمہارے لیے ایک محافظ مقرر رہے گا اور شیطان تمہارے قریب نہیں آسکے گا. آیتہ الکری میں اللہ تعالی کی وحدانیت یعنی اس کے یکتا ہونے کو بیان کیا گیا ہے- اس آیت میں اللہ تعالی کی قدرت اور صفات کا بھی بیان ہے.

Q6. لفظ کے معنی تحریر کریں- لانفرق- لاتواخذنا- او اخطانا- اصرا-

Ans 1: لانفرق- ہم تفریق نہیں کرتے- لاتواخذنا- تو ہماری گرفت نہ کر- او اخطانا- یا ہم خطا کر بیٹھیں - اصرا- بوجھ

Q7. سورۃ ال عمران میں کن دو غزوات کا زکر آیا ہے.

Ans 1: سورۃ آل عمران میں ہمیں غزوہ بدر اور غزوہ احد کا زکر ملتا ہے

Q8. الفاظ کے معنی تحریر کریں- اقترفتموھا- انفروا- متاع- ثانی اثنین- ایدہ- کلمتہ-

Ans 1: اقترفتموھا- تم نے انھیں کمایا- انفروا- تم نکلو- متاع- سمان، فائدہ ثانی اثنین- دو میں سے دوسرے - ایدہ- اس کی مدد فرمائی- کلمتہ- بات

Q9. سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون کیا ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا مرکزی مضمون " اہل کتاب کی غلطیوں کا پردہ چاک کرنا اور اہل اسلام کو ان کی زمہ داریوں کا احساس دلانا ہے".

Q10. سورۃ آلتوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے نویں سورت ہے.